# اچھا آجر (مالک) • کارآمد غیر ملکی گھریلو خادم

## اپنی ذمہ داریوں کی پابندی کریں • ہم آہنگی سے رہیں

غیر ملکی گھریلو خادموں اور مالکوں کے لیے بہترین مشورے

**ایک دوسرے کا احترام کریں • اپنی ذمہ داریوں کی پابندی کریں**

## ایک ہی چھت کے نیچے ہم آہنگی سے زندگی گزاریں۔

مالکوں اور غیر ملکی گھریلو خادموں (FDHs) کو ایک دوسرے کا احترام کرنا چاہیے اور اپنی ذمہ داریوں کی پابندی کرنی چاہیے تاکہ ہم آہنگی سے رہ سکیں اور ایک خوش گوار، طویل مدتی تعلقات استوار ہوں۔ ملازمت کے تنازعات کی صورت میں دونوں فریقین کو فوری طور پر مدد طلب کرنی چاہیے اور تشدد یا دیگر غیر قانونی کاموں کا سہارا نہیں لینا چاہیے۔ لیبر ڈیپارٹمنٹ (LD) کا لیبر ریلیشنز ڈویژن مالکوں اور غیر ملکی گھریلو خادموں (FDHs) کو ان کے لیبر تنازعات کو حل کرنے میں مدد کرنے کے لیے مفت میں مفاہمت کی خدمات فراہم کرتا ہے۔

**اجرت وقت پر ادا کریں**

| |
|---|
| آپ کو وقت پر  جاگنا چاہیے ! <br><br> اسکول کے لیے وقت کی پابندی کریں! |
| ماں، آپ کو بھی وقت کا پابند ہونا چاہیے! <br><br> آپ کا کیا مطلب ہے؟ |
| اپنے  خادم کو وقت پر اجرت ادا کرنا یاد رکھیں! |

معیاری ملازمت معاہدہ (SEC) میں بیان کردہ اجرت کی شرح کم از کم قابل اجازت اجرت سے کم نہیں ہونی چاہیے۔ اجرت کی مدت کا آخری دن ختم ہونے پر اجرت واجب الادا ہو جائے گی۔ مالکوں کو چاہیے کہ وہ غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کو وقت پر معیاری ملازمت معاہدہ SEC میں متعین اجرت کی ادائیگی کریں، اور اجرت کی ادائیگیوں کا ریکارڈ رکھیں (مثلاً دونوں فریقوں کی طرف سے دستخط شدہ رسید) تاکہ مستقبل میں تنازعات سے بچا جا سکے۔

**چھٹی کی اجازت دیں۔**

| |
|---|
| ماں، میں آج چھٹی پر جا رہا ہوں! |
| اگلی بار جب آپ چھٹی لیں تو پلیز مجھے خوابوں میں مت بتانا... |

ملازمت آرڈیننس کے مطابق، ایک غیر ملکی گھریلو خادم FDH سات دنوں کی ہر مدت میں کم سے کم ایک آرام کے دن ، قانونی تعطیلات اوربا معاوضہ سالانہ چھٹی کا حق دار ہے ۔ اگر کسی غیر ملکی گھریلو خادم FDH سے آرام کے اصل دن یا قانونی تعطیل پر کام کروانے کی ضرورت ہو، تو مالک کو غیر ملکی گھریلو خادم FDH کے لیے متبادل چھٹی کا انتظام کرنا چاہیے۔ ایک مالک جو غیر ملکی گھریلو خادم FDH کو چھٹیاں دینے میں ناکام رہتا ہے، وہ جرم کا ارتکاب کرتا ہے۔

**مناسب بیمہ کرائیں۔**

| |
|---|
| الماری صاف کرنے کے لیے اتنی اونچائی پر کھڑا ہونا خطرناک ہے! |
| دھیان رکھنا! چائے بہت گرم ہے۔ |
| آپ اپنے خادم کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ |
| میں واقعی پریشان ہوں...کیونکہ میں نے ابھی تک اس کا بیمہ نہیں کرایا ہے... <br> لیکن یہ ایک جرم ہے! |

مالکوں سے چاہیے کہ قانون کے تحت اپنے غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے لیے ملازمین کا اجرتی بیمہ حاصل کریں۔ معیاری ملازمت معاہدہ SEC مزید شرط لگاتا ہے کہ مالک ہانگ کانگ میں ملازمت کی مدت کے دوران غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کو مفت طبی علاج فراہم کریں گے۔ مالکوں سے سفارش کی جاتی ہے کہ وہ جامع FDH انشورنس پالیسیاں لیں جو قانون اور معیاری ملازمت معاہدہ SEC کے تحت ضروریات کو پورا کرنے کے لیے میڈیکل انشورنس اور ملازمین کی اجرت کی انشورنس دونوں کا احاطہ کرتی ہیں۔

**کام کے انتظامات پر اتفاق**

| |
|---|
| ایک باقاعدہ معمول رکھیں، چاہے وہ پڑھائی ہو، کام ہو یا آرام ہو! |
| سمجھ گئے؟<br><br>جی ہاں! |
| ماں ہمیشہ کیوں سوتی ہے؟<br><br>ماں ہر رات دیر تک ٹی وی دیکھتی رہتی ہے... |

مالکوں کو غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے ساتھ اچھی بات چیت برقرار رکھنی چاہیے اور کام کے انتظامات اور کب آرام کرنا ہے اس پر اتفاق کرنا چاہیے۔ مناسب آرام غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کی پیداواری صلاحیت اور کارکردگی کو بڑھا سکتا ہے۔

**کھانا مفت فراہم کریں یا کھانے کے لیے ادائیگی کریں۔**

| |
|---|
| آپ اپنا ہوم ورک کیوں نہیں کر رہے؟<br><br>ایک منٹ میں! |
| ابھی کھیلنا بند کرو ورنہ آج رات کا کھانا نہیں ملے گا!<br><br>مجھے پہلے یہ راؤنڈ ختم کرنے دو! |
| ماں، آپ کو کھانا فراہم کرنا چاہیے یا اس کے لیے ادائیگی کرنی چاہیے! |

مالکوں کو اپنے غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs سے اس بات پر اتفاق کرنا چاہیے کہ آیا کھانا مفت فراہم کیا جائے گا یا کھانے کے لئے ادائیگی کی جائے گی۔ اگر مالکان کسی مدت کے لیے مفت کھانا فراہم کرنے سے قاصر ہیں (مثال کے طور پر جب وہ بیرون ملک سفر کر رہے ہوں)، تو اس مدت کے لیے کھانے کی ادائیگی کی جانی چاہیے۔ مالک غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے مذہبی پس منظر اور غذائی عادات کو سمجھنے کی کوشش کر سکتے ہیں تاکہ انہیں وافر اور موزوں خوراک فراہم کی جا سکے۔

**موزوں رہائش فراہم کریں اور مناسب خلوت کے ساتھ**

| |
|---|
| ماریہ، براہ کرم اندر آؤ اور میرے قصر میں رہو! |
| کیا ماں بھی شامل ہو سکتی ہے؟<br><br>نہیں! |
| ایسا عارضی طور پر کھڑا کیا گیا خیمہ ماریہ کے رہنے کے لیے موزوں نہیں ہے۔ |

مالکوں کو غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کو مالک کے پتے پرموزوں رہائش اورمناسب خلوت کے ساتھ مفت فراہم کرنا چاہیے جیسا کہ معاہدہ میں بیان کیا گیا ہے۔ غیر موزوں رہائش کی مثالیں یہ ہیں: غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کو راہداری میں عارضی بستروں پر برائے نام خلوت کے ساتھ سونا پڑتا ہے یا مخالف جنس کے بالغ/نوعمر کے ساتھ کمرے میں شراکت کرنی پڑتی ہے۔ اگر کوئی غیر ملکی گھریلو خادم FDH سمجھتا ہے کہ مالک موزوں رہائش فراہم کرنے سے قاصر ہے یا اس کے روزگار کے کسی حق کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو اسے مدد کے لیے حکام سے رجوع کرنا چاہیے۔

**غیر ملکی گھریلو خادم FDHs معاہدہ سے مختلف پتے پر یا اپنے مالکوں کے علاوہ دوسرے افراد کے لیے کام نہیں کر سکتے۔**

| |
|---|
| میں اپنی گاڑی دھونے جا رہا ہوں۔ کیا میں آپ کی پروں والی جھاڑن ادھار لے سکتا ہوں؟<br><br>ضرور! |
| اور شیشہ صاف کرنے والا؟<br><br>کوئی مسئلہ نہیں! |
| آپ کے خادم کے بارے میں کیا خیال ہے؟<br><br>بالکل نہیں! |

غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کو صرف مالکوں کی رہائش گاہ میں گھریلو فرائض انجام دینے کی اجازت ہے جیسا کہ معاہدہ میں بتایا گیا ہے۔ غیر گھریلو فرائض انجام دینے یا رہائش کے علاوہ دیگر جگہوں پر کام کرنے کے لیے غیر ملکی گھریلو خادم FDH کا بندوبست کرنا جیسا کہ معاہدہ میں بتایا گیا ہے ایک جرم ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک غیر ملکی گھریلو خادم FDH، جو اپنے مالک کے علاوہ کسی دوسرے شخص کے لیے کام کرتا ہے، بشمول کسی شخص کے لیے پارٹ ٹائم گھریلو فرائض انجام دینا، جرم کا ارتکاب کرے گا۔

**غیر ملکی گھریلو خادم FDHs صرف اسی رہائشی پتے پر رہ سکتے ہیں جو معاہدہ میں بیان کیا گیا ہے۔**

| |
|---|
| آج رات نانی کے گھر ٹھہرنے کے لیے آؤ اور میں تمہیں آئس کریم کھانے دوں گا۔<br><br>ٹھیک ہے! |
| میں آپ کو آج رات نانی کے گھر ٹھہرنے کے لیے بھیج رہا ہوں تاکہ ان کی دیکھ بھال کے لیے... |
| ماں، میں دوسری جگہوں پر رہائش یا کام نہیں کر سکتا ہوں... |

غیر ملکی گھریلو خادم FDHs صرف مالک کی رہائش گاہ میں کام کر سکتے ہیں اور رہ سکتے ہیں جیسا کہ ملازمت کی مدت کے دوران معاہدے میں بیان کیا گیا ہے۔ مالک یا رشتہ داروں کی رہائش گاہوں میں قیام کے لیے غیر ملکی گھریلو خادم FDH کا بندوبست کرنا متعلقہ ضوابط کی خلاف ورزی ہے۔

**غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے شناختی دستاویزات ن روک کر نہ رکھیں .**

| |
|---|
| میں اس پر یقین نہیں کر سکتا... لیکن آپ بہت جوان نظر آتے ہیں۔<br><br>یہ سچ ہے. میں ماں جتنی ہی عمر کا ہوں۔ |
| اگر آپ کو مجھ پر یقین نہیں تو میں آپ کو اپنا شناختی کارڈ دکھا سکتا ہوں۔ |
| ماں، میرا شناختی کارڈ واپس دے دو! |

کوئی بھی (بشمول غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے مالک اور ملازمتی ایجنسیاں (EAs)) غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کی ذاتی املاک، جیسے پاسپورٹ، شناختی کارڈ اور بینک کارڈ روک کر نہیں رکھ سکتے، ورنہ ایسا کرکے وہ جرم کے مرتکب ہوسکتے ہیں۔ غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کو اپنی ذاتی شناختی دستاویزات اور املاک کو اپنے پاس رکھنا چاہیے۔ اگر کوئی غیر ملکی گھریلو خادم FDH سمجھتا ہے کہ اس حقوق کی خلاف ورزی کی جارہی ہے تو اسے جلد از جلد حکام کو اس کی اطلاع دینی چاہیے۔

**اپنے مالی معاملات کا اچھی طرح انتظام کریں اور قرض لینے سے گریز کریں۔**

| |
|---|
| رقم ادھار لینا بہت آسان ہے۔ آپ کو صرف یہاں دستخط کرنے کی ضرورت ہے! |
| نہیں! |

ملازمتی ایجنسیوں EAs کو غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے مالی معاملات میں ملوث نہیں ہونا چاہیے، یا غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے لیے قرض انتظام نہیں کرنا چاہیے، بصورت دیگر ملازمتی ایجنسیوں EAs کا لائسنس منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ مالکوں کو غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کی جانب سے کسی بھی قرض کی ادائیگی کے لیے غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کی اجرت میں سے کٹوتی نہیں کرنی چاہیے۔ غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کو چاہیے کہ وہ اپنے مالی معاملات کا انتظام ہوشیاری سے کریں اور مقروض ہونے سے بچیں۔

**"باربار نوکری بدلنے  سے گریز کریں**

| |
|---|
| میں ہمیشہ گھر کو صاف ستھرا رکھتا ہوں۔<br><br>بزرگوں کی اچھی دیکھ بھال کرتا ہوں ۔<br><br>ہر کوئی میرے کھانوں کو پسند کرتا ہے۔<br><br>چھوٹے بچے سنبھالنا اور بڑے بچوں کی دیکھ بھال میرے لیے  کوئی مسئلہ نہیں۔ |
| خادم بہت سی چیزوں میں اچھے ہوتے ہیں اور گھر میں مدد  گار ہوتے ہیں۔ |
| خادم خاندان کا حصہ ہیں اور انہیں اتنی آسانی سے نوکری نہیں چھوڑنے دینا  چاہیے! |

مالک اپنے خاندان کی دیکھ بھال میں مدد کے لیے غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کی خدمات حاصل کرتے ہیں۔ وہ سب توقع کرتے ہیں کہ غیر ملکی گھریلو خادم FDHs معاہدہ مکمل کرنے کے قابل ہوں گے۔ اگر معاہدہ ختم ہونے سے پہلے کوئی غیر ملکی گھریلو خادم FDH چھوڑ دیتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ مالک اپنے خاندان کی دیکھ بھال کے لیے فوری طور پر کوئی متبادل تلاش نہ کر سکے۔ موجودہ پالیسی کے تحت معاہدہ ختم ہونے سے پہلے مالکوں کی تبدیلی کے لیے غیر ملکی گھریلو خادموں 'FDHs کی درخواست کو عام طور پر منظور نہیں کیا جائے گا، ماسوائے غیر معمولی حالات کے (مثال کے طور پر غیر ملکی گھریلو خادم FDH  سے مالک  کی طرف سے ناروا سلوک کیا جاتا ہے)۔ اگر کوئی غیر ملکی گھریلو خادم FDH کسی نئے مالک کے ساتھ ملازمت اختیار کرنا چاہتا ہے تو اسے اپنے اصل مقام پر واپس آنا چاہیے اور ہانگ کانگ میں دوبارہ ملازمت کے لیے درخواست دینا چاہیے۔ اگر کسی غیر ملکی گھریلو خادم FDH  پر مالکوں کو تبدیل کرنے کے معاہدے کو قبل از وقت ختم کرنے کے انتظام کا  غلط استعمال کرنے کا شبہ ہو تو ہانگ کانگ میں ملازمت کے لیے اس کی مستقبل کی درخواستوں کو مسترد کیا جا سکتا ہے۔

**قیام کی شرائط کی تعمیل کریں۔**

| |
|---|
| اگر طلباء اسکول میں قواعد کی پابندی نہیں کرتے ہیں تو انہیں نکالا جا سکتا ہے۔ |
| اسی طرح ماریہ سے بھی امیگریشن آرڈیننس کی تعمیل درکار ہے! |
| ماریہ مجھے تم بہت پسند ہو۔ آپ کو نکال باہر کیا جائے ، میں یہ نہیں دیکھنا چاہتا! |

اگر کوئی غیر ملکی گھریلو خادم FDH اپنے ویزا میں قیام کی طے شدہ شرائط کی خلاف ورزی کرتا ہے، جیسے کہ مقررہ مدت سے زیادہ قیام کرنا، مالک کے پاس ملازمت کے علاوہ کسی اور کے پاس ملازمت اختیار کرنا یا پارٹ ٹائم ملازمت کرنا، تو اس پر قانونی چارہ جوئی واجب ہے اور اسے اس کی اصل جگہ پر واپس بھیجا جا سکتا ہے۔ کوئی بھی شخص جو قیام کی شرائط کی خلاف ورزی کرنے میں غیر ملکی گھریلو خادم FDH کی مدد کرتا ہے اور اس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، اس پر بھی قانونی چارہ جوئی واجب ہے۔

غیر ملکی گھریلو خادموں کے لئے پورٹل:

http://www.fdh.labour.gov.hk

لیبر ڈپارٹمنٹ LD ایک وقف غیر ملکی گھریلو خادم FDH پورٹل کا حامل ہے جو غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے روزگار سے متعلق پالیسیوں، قانون سازی وغیرہ کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ پورٹل میں غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے روزگار کے حقوق سے متعلق اشاعتیں اورپروموشنل ویڈیوز جیسا مواد بھی شامل ہے۔ چینی اور انگریزی کے علاوہ، پورٹل تیلگو، بھاسا انڈونیشیا، تھائی وغیرہ میں دستیاب ہے تاکہ غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کو معلومات سمجھنے میں آسانی ہو۔ غیر ملکی گھریلو خادم FDHs ہانگ کانگ میں اپنی آمد سے پہلے ہی کہیں بھی اور کسی بھی وقت اس میں موجود معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

ملازمتی ایجنسیوں کے لئے پورٹل:

http://www.eaa.labour.gov.hk

ہانگ کانگ کے خصوصی انتظامی علاقے کی حکومت مالکوں سے ملازمتی ایجنسیوں EAs کے ذریعے غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کی خدمات حاصل کرنے کا تقاضا نہیں کرتی، اور نہ ہی غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے لیے ملازمتی ایجنسیوں EAs کے ذریعے ہانگ کانگ میں نوکری تلاش کرنا ضروری ہے۔ تاہم، ہانگ کانگ کے مالکوں کے لیے ملازمتی ایجنسیوں EAs کے ذریعے غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کی خدمات حاصل کرنا ایک معمول ہے۔ لیبر ڈپارٹمنٹ LD ہانگ کانگ میں ملازمتی ایجنسیوں EAs کے ضابطے سے متعلق معلومات اور اشاعتوں تک رسائی کے لیے مالکوں اور ملازمت تلاش کرنے والوں کے لیے ایک وقف ملازمتی ایجنسی EA پورٹل کا حامل ہے۔ پورٹل عوام کو یہ چیک کرنے کے لیے ایک تلاش کرنے کی سہولت بھی فراہم کرتا ہے کہ آیا کسی ملازمتی ایجنسی EA کے پاس ایک کار آمد لائسنس ہے۔ تلاش کرنے کی سہولت ضلع، تعیناتی کی قسم وغیرہ کے ذریعہ سے ملازمت ایجنسیوں EAs کی تلاش کا موقع دیتی ہے۔

معلومات کے  لیے فوری رابطہ (انکوائری ہاٹ لائن):

غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے حقوق اور لیبر  قوانین کے بارے میں ("1823" کے توسط سے)

2717 1771

2157 9537 (غیر ملکی گھریلو خادموں FDHs کے لیے  مختص ہاٹ لائن)

ملازمتی ایجنسیوں EAs کے ضابطے کے بارے میں

2115 3667

ویب سائٹ:

http://www.labour.gov.hk